رمضانُ المبارک کے

12 مَدَنی پھول

www.sirat-e-mustaqeem.com

(پمفلٹ)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

”رمضانُ المبارک“ کے 12 حروف کی نسبت سے 12 مدنی پھول

﴾1﴿ صُبحِ صادِق سے تقریباً 1 گھنٹہ قبل مساجِد میں مائیک پر مِل کر **صدائے مدینہ برائے سَحَری** کی ترکیب کیجئے۔ (کلام فیضانِ سُنّت جدید ص 844 پر مُلاحظہ فرمائیے)

﴾2﴿ **مدرسۃُ المدینہ بالغان** (41 منٹ) کے لیے رمضان میں غالباً دو وقت بہتر ہیں۔ بعدِ فجر یا بعدِ نمازِ تراویح، جہاں جو وقت بہتر ہو وہ اِختیار کیا جائے۔

﴾3﴿ ممکن ہو تو پانچوں نمازوں میں **درسِ فیضانِ سُنّت** (باب فیضانِ رمضان وغیرہ) کی ترکیب کیجئے۔

﴾4﴿ بازار وغیرہ میں **چوک درس** کی ترکیب ہو تو مدینہ مدینہ۔۔۔

﴾5﴿ دعوتِ اسلامی کے مدنی کام بالخصوص **مدنی قافلہ، مدنی اِنعامات، ہفتہ وار اِجتماع** وغیرہ کی خوب خوب دُھومیں مچائیے۔ (ہفتہ وار اِجتماع عصر تا مغرب کیا جائے)

﴾6﴿ **”عَلاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت“** کا سِلسلہ روزانہ ہو تو مدینہ مدینہ۔۔۔ (قبلِ ظہر دعوت، بعدِ ظہر بیان)

﴾7﴿ **مدنی مشوروں کا سِلسلہ** (جدول کے مطابق) ماہِ رمضان میں بھی (پابندیٔ وقت کے ساتھ) جاری رکھیے۔

﴾8﴿ **اِجتماعی اِعتکاف** (پورا ماہِ رمضان/آخری عشرہ) کی بھرپور تیاری کیجئے۔ (مختلف شعبہ جات کی شخصیات کو بھی اِعتکاف کروائیے)

﴾9﴿ اِجتماعی اِعتکاف (پورا ماہِ رمضان/آخری عشرہ) کے اِنتظامات واَخراجات اور مدنی مرکز کے دِیے ہوئے جدول پر عمل دَرآمد کرانے کے لیے **3 یا 5 رُکنی انتظامی مجلس** بنا دِیجئے۔ (اِعتکاف کی مجالس کی تفصیل میل کی جا چکی ہے)

﴾10﴿ صِرف رمضان المبارک میں نماز پڑھنے والوں پر اِنفرادی کوشش کر کے اُنہیں **پکّا نمازی** بنانے کی کوشش کیجئے۔

﴾11﴿ رَمَضَانُ المُبارک میں **اِفطار اِجتماعات** کیجئے۔ (گھر، مسجد وغیرہ میں)

﴾12﴿ دعوتِ اسلامی کے خدمتِ دین کے کم و بیش 97 شعبوں کے لیے **مدنی عطیات** جمع کرنے کے لیے خوب خوب اِنفرادی کوشش کیجئے اور ذِمّہ داران کو بھی ذِہن دِیجئے۔ ماہِ رمضان المبارک میں ہر نماز کے بعد ہر مسجد کے باہر مدنی عطیات/فِطرے کے بستے کی ترکیب بنائیے۔ (بالخصوص جُمُعَہ، شبِ قدر و عِید)

مجلس کارکردگی فارم و مدنی پھول

(دعوتِ اسلامی)

ڈائری میں چسپاں کر لیجئے۔

تاریخِ اجراء: ۲۰ شعبان المعظم ۱۴۳۶ھ، 8 جون 2015ء